## سوال

(272)اگر کوئی ذمہ دار جو بارہ ۱۲ سنتیں ہیں      الخ

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

اگر کوئی ذمہ دار جو بارہ ۱۲ سنتیں ہیں ان کو واجب قرار دیتا ہے، کیا اس کی نافرمانی کرنی صحیح ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ*
*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

اس ذمہ دار شخصیت سے یہ کہہ سکتا ہے کہ بارہ سنتیں ہیں، فرض واجب نہیں۔ البتہ ان سنتوں کی ادائیگی میں سستی و کوتاہی نہ کرے، کیونکہ روزِ قیامت فرض نماز کے علاوہ نفل نماز سے فرض نماز کی کمی کوتاہی پوری کی جائے گی۔ جیسا کہ سنن ابی داوَد 1 میں مذکور ہے۔

[رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو مسلمان بندہ اللہ تعالی کےلیے فرض نمازوں کے علاوہ روزانہ بارہ رکعتیں تطوع پڑھتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کےلیے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔''[2

چار رکعت ظہر سے پہلے، دو رکعت اس کے بعد، دو رکعت مغرب کے بعد، دو رکعت عشاء کے بعد، اور دو رکعت نمازِ فجر سے پہلے۔      ۲۴ ۶ ۱۴۲۳ھ

1 کتاب الصلاة  باب قول النبیؐ کل صلاة لایتمھا صاحبھا تتم من تطوعہ، ترمذی  صلاة باب ماجاء أن اول مایحاسب بہ العبد یوم القیامة الصلاة

2 مسلم  صلاة المسافرین  باب السنن الراتبة  قبل الفرائض وبعدھن وبیان عددھن

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 04**